## جماعت ہفتم اردو نعت (تشریح)

شعر نمبر 1 :۔

نعت اس نبی کی جس نے پیغام حق سنایا
انسانیت کا رستہ انسان کو دکھایا

تشریح :۔

شاعر کہتا ہے کہ میں اس نبیؐ کی شان اور تعریف میں نظم لکھ رہا ہوں جس نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کا سچا پیغام سنایا۔ آپ نے فرمایا کہ اللہ ایک ہے اسی کی عبادت کرو۔ لوگوں کو وہ راستہ بتایا جس پر چل کر انسان صحیح معنوں میں انسان کہلانے کا مستحق ہوتا ہے۔

شعر نمبر 2 :۔

دنیا سنوارنے کے سمجھائے سب طریقے
عقبیٰ ہو جس سے بہتر وہ راز بھی بتایا

تشریح:

اس شعر میں شاعر نبی پاکؐ کی تعریف کرتے ہوئے کہتا ہے کہ آپؐ نے لوگوں کو اس دنیا میں رہنے کے طور طریقے سکھائے۔ ایسی باتیں بتائیں جو زندگی گزارنے کیلئے کام آئیں اور اس کے ساتھ ساتھ وہ باتیں بھی بتائی ہیں جن پر عمل کرنے سے ہماری آخرت کی زندگی بھی اچھی ہو جائے۔ دنیا کی زندگی پائیدار نہیں جب کہ آخرت کی زندگی ہمیشہ رہنے والی ہے۔ اُسے بہتر بنانے کے طریقے آپؐ نے ہمیں بتائے ہیں۔

شعر نمبر 3

نور اس کا سب سے پہلے پیدا کیا خدا نے
بزمِ جہاں میں لیکن آخر میں سب سے آیا

تشریح:

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے حضرت محمدؐ

آپ نے زمانے کے اندھیرے راستوں پر
روشنی کر دی۔

شعر نمبر:

ہر آدمی پہ کھولا محنت کا راز اس نے
جو سو رہے تھے غافل، آ کر انہیں جگایا

تشریح:

آپ نے لوگوں کو محنت کرنے کی تاکید کی۔ آپ نے لوگوں کو بتایا کہ محنت ہی کامیابی کی چابی ہے۔ لوگ اپنے دنیا میں آنے کے مقصد سے غافل تھے۔ وہ نہیں جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا ہے۔ وہ عیش و عشرت میں مگن ہو گئے تھے۔ آپ نے انھیں خواب غفلت سے جگایا اور انھیں ان کے دنیا میں آنے کا مقصد یعنی اللہ کی عبادت کرنے کا بتایا۔

شعر نمبر 6

کا نور پیدا فرمایا۔ اس کے بعد ساری دنیا
بنائی۔ مختلف زمانوں میں مختلف نبیوں
کو اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں بھیجا اور آخر
میں آپؐ کو لوگوں کی ہدایت کیلئے اللہ تعالیٰ
نے نبی بنا کر بھیجا لیکن آپؐ کا نور سب سے
پہلے پیدا فرمایا۔

شعر نمبر ۴:۔

ہر موڑ پر جلائی شمع ہدایت اس نے
جو راستہ تھا سیدھا اک ایک کو بتایا

تشریح:

آپؐ نے لوگوں کو سیدھا راستہ دکھانے
کیلئے ہر قدم پر مدد کی۔ آپؐ کی آمد سے
پہلے لوگ جہالت کی تاریکی میں ڈوبے ہوئے
تھے۔ آپؐ نے لوگوں کو جہالت کے اندھیروں
سے نکالا اور سیدھا راستہ دکھایا۔ لوگوں
کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا کہا۔

پھیلیں جہاں میں ہر سو توحید کی شعاعیں
مشرق بھی جگمگایا، مغرب بھی جگمگایا

تشریح:

آپ کی آمد سے پہلے عرب کے لوگ بتوں کی پوجا کرتے تھے۔ انھوں نے بہت سے بت بنا رکھے تھے۔ ہر کام کا الگ الگ بت تھا۔ آپ نے لوگوں کو بتوں کی پوجا سے منع فرمایا اور بتایا کہ اللہ ایک ہے صرف وہی عبادت کے لائق ہے۔ اس کی ذات اور صفات میں کوئی شریک نہیں ہے ہمیں صرف ایک اللہ کی عبادت کرنی چاہیے۔ آپ کا پیغام دنیا کے کونے کونے میں پہنچا

شعر نمبر ۸

بھولی ہوئی تھی دنیا اپنے خدا کو محشر
خالق کے در پہ اس نے مخلوق کو جھکایا

تشریح:

عرب کے لوگ گناہوں میں ڈوب کر

شعلے بھڑک رہے تھے دنیا میں کفر و شرک کے
انساں کو اس نے آ کر اس آگ سے بچایا

تشریح:

جس وقت حضرت محمدؐ اس دنیا میں تشریف لائے اس وقت دنیا کی حالت بہت بری تھی۔ لوگ لڑائی جھگڑوں میں پڑے ہوئے تھے۔ وہ بتوں کی پوجا کرتے تھے۔ نہ بڑوں کی عزت کرتے تھے اور نہ ہی چھوٹوں سے شفقت کا برتاؤ کرتے تھے۔ وہ اللہ تعالیٰ کو بھی نہیں مانتے تھے۔ لوگوں کی حالت بہت بُری تھی۔ آپؐ نے لوگوں کو اللہ کی طرف بلایا۔ انھیں نیکی کا راستہ دکھایا۔ اس طرح لوگ برائی سے بچ گئے اور ان کی آخرت سنور گئی

شعر نمبر 7

کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے سرخروئی
اور جنت کے حقدار ٹھہریں۔ یہ صرف اسی
صورت میں ہوگا کہ ہم نیک اعمال کریں۔

س۳ شمع ہدایت جلانے سے کیا مراد ہے؟

ج شمع ہدایت جلانے کا مطلب ہے لوگوں کو سیدھے
راستے کی طرف بلانا۔ برائیاں ختم کر کے نیکی کی
روشنی پھیلانا۔

س توحید کی شعاعیں پھیلنے کا کیا مطلب ہے؟

ج توحید کی شعاعیں پھیلنے کا مطلب ہے کہ ہر طرف
اللہ کی عبادت کی جائے۔

س سیدھا راستہ ہونے سے کیا مراد ہے؟

ج سیدھا راستہ ہونے سے مراد ہے کہ وہ کام کرنا
جن کاموں کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے

س مشرق اور مغرب کیسے جگمگا اٹھے؟

ج مشرق اور مغرب توحید کی شعاعوں سے جگمگا
اُٹھے۔

اللہ تعالیٰ کی ذات کو بھولے ہوئے تھے۔ وہ
اللہ تعالیٰ کی عبادت سے غافل رہتے تھے۔
آپ نے لوگوں کو اللہ کی عبادت کرنے کا حکم
دیا۔ ان کو ایک مرکز پر جمع کیا۔ زندگی گزارنے
کے صحیح اصول بتائے

## مشق

س: حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟

ج: حمد ایسی نظم کو کہتے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ
کی تعریف و ثنا بیان کی جائے جبکہ نعت ایسی
نظم کو کہتے ہیں جس میں حضرت محمدؐ کی تعریف
بیان کی گئی ہو۔

س: عقبیٰ بہتر ہونے سے کیا مراد ہے؟

ج: عقبیٰ بہتر ہونے سے مراد ہے کہ ہم کل قیامت

متضاد لکھیں

| متضاد | الفاظ | متضاد | الفاظ |
| --- | --- | --- | --- |
| بگاڑنا | سنوارنا | باطل | حق |
| مغرب | مشرق | پانی | آگ |
| ٹیڑھا | سیدھا | آخرت | دنیا |
| مخلوق | خالق | شرک | توحید |

س نعت میں استعمال ہونے والے قافیوں کی نشان دہی کریں؟

ج بتایا، جگایا، بچایا، جگمگایا، جھکایا

نوٹ:۔

سوال نمبر 2، 3، 5 نعت پڑھ کر خود لکھیں

# جملوں میں استعمال کریں

1- پیغامِ حق

حضرت محمدؐ نے لوگوں کو پیغامِ حق سُنایا

2- شمع ہدایت

حضرت محمدؐ ﷺ اس دنیا میں شمع ہدایت روشن کرنے کیلئے تشریف لائے۔

3- عقبیٰ

ہمیں دنیا میں ایسے کام کرنے چاہییں کہ جن سے ہماری عقبیٰ بہتر ہو۔

4- غافل

انسان کو اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل رکھنا شیطان کا اصل مقصد ہے۔

5- توحید

حضرت محمدؐ نے لوگوں کو توحید کا اصل سبق دیا